سوال

(1183) عورت کے لیے کیا زیادہ باعث فضیلت ہے شوہر کی خدمت یا حصول علم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک خاتون کے لیے کیا چیز زیادہ باعث فضیلت ہے؟ گھر کے لازمی امور، شوہر کی خدمت یا حصول علم کے لیے ان ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو جانا؟ یا وہ گھر کے کام کاج کے لیے خادمہ کا انتظام کر لے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں ایک مسلمان خاتون کے لیے واجب ہے کہ جہاں تک ممکن ہو دینی مسائل سے آگاہی حاصل کرے۔ لیکن شوہر کی خدمت اور بچوں کی تربیت اس سے بڑھ کر واجب ہے۔ اسے چاہیئے کہ حصول علم کے لیے روزانہ ایک مناسب وقت فارغ کر لے، خواہ وہ تھوڑا سا ہی کیوں نہ ہو، یا مطالعہ کے لیے کچھ وقت خاص کر لے اور باقی گھر کے کام کاج کے لیے ہو۔ مگر دینی تفقہ اور مسائل سے آگاہی میں غفلت نہ کرے اور یہ کسی طرح درست نہیں کہ گھر کے کام کاج اور بچوں کے معاملات کو خادمہ کے سپرد کر دے۔ اسے ایک درمیانی راہ اپنانی چاہیئے۔ علمی آگاہی کے لیے کچھ وقت ہو، خواہ تھوڑا ہی سہی اور گھر کے کام کاج کے لیے بھی کافی وقت ہونا چاہیئے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 834

محدث فتویٰ